# اگر کافر میاں بیوی مسلمان ہوں تو ان کانکاح باقی رہے گا یا نہیں؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کافر میاں بیوی میں سے کوئی ایک مسلمان ہوجائے تو پھر ان کا نکاح باقی رہے گا یا نہیں اور اگر شوہر مسلمان ہو جائے اور اس کی بیوی کافرہ ہی ہو تو کیا اس شوہر کو وہ بیوی چھوڑنی ہوگی ؟

سائل:ایک بہن فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر میاں بیوی دونوں مسلمان ہوئے تو وہی نکاح سابق باقی ہے جدید نکاح کی حاجت نہیں اور اگر صرف مرد مسلمان ہوا تو عورت پر اسلام پیش کریں، اگر مسلمان ہوگئی تو وہ اس کی بیوی رہے گی اگر مسلمان نہ ہوئی توقاضی ان کے درمیان تفریق کر دے گا۔ یوہیں اگر عورت پہلے مسلمان ہوئی تو مرد پر اسلام پیش کریں، اگر تین حیض آنے سے پہلے شوہر مسلمان ہوگیا تو نکاح باقی ہے، ورنہ تین حیض کے بعدعورت جس مسلمان سے چاہے نکاح کرلے۔ جیسا کہ قدوری میں ہے۔

**"وَإِذَا أَسْلَمَتْ الْمَرْأَةُ وَزَوْجُهَا كَافِرٌ عَرَضَ عَلَيْهِ الْقَاضِي الْإِسْلَامَ فَإِنْ أَسْلَمَ فَهِيَ امْرَأَتُهُ وَإِنْ أَبَى فَرَّقَ بَيْنَهُمَاوَإِنْ أَسْلَمَ الزَّوْجُ وَتَحْتَهُ مَجُوسِيَّةٌ عَرَضَ عَلَيْهَا الْإِسْلَامَ فَإِنْ أَسْلَمَتْ فَهِيَ امْرَأَتُهُ وَإِنْ أَبَتْ فَرَّقَ الْقَاضِي بَيْنَهُمَا"**

اگر بیوی مسلمان ہوئی اور مر کافر تھا تو مرد پر اسلام پیش کریں اگر اس نے قبول کرلیا تو وہ اس کی بیوی رہے گی اور اگر مرد نے انکار کیا تو قاضی ان کے درمیان تفریق کردے گا اگر صرف مرد مسلمان ہوا اور عورت مجوسیہ ہے تو عورت پر اسلام پیش کریں، اگر مسلمان ہوگئی تو وہ اس کی بیوی ہی رہے گی اگر مسلمان نہ ہوئی توقاضی ان کے درمیان تفریق کر دے گا۔

(مختصر القدوری کتاب النکاح ص 589 )

ایسا ہی بہار شریعت میں ہے۔

اگر صرف مرد مسلمان ہوا تو عورت پر اسلام پیش کریں، اگر مسلمان ہوگئی فبہاورنہ تفریق کر دیں۔ یوہیں اگر عورت پہلے مسلمان ہوئی تو مرد پر اسلام پیش کریں، اگر تین حیض آنے سے پہلے مسلمان ہوگیا تو نکاح باقی ہے، ورنہ بعد کو جس سے چاہے نکاح کرلے کوئی اسے منع نہیں کرسکتا۔(بہار شریعت ج2 حصہ 7 ص32)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 20-10-2017

## WILL THE MARRIAGE CONTRACT OF A NON-MUSLIM COUPLE REMAIN INTACT IF THEY ACCEPT ISLAM?

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; will the marriage contract of a non-Muslim couple remain intact if either one of them accepts Islam? If the husband accepts Islam and the wife remains a non-Muslim, does the husband have to leave her?**

Questioner: A sister from the UK

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِكِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

If both the husband and the wife accept Islam, then their previous marriage contract remains intact. There is no need to remarry. If only the husband accepts Islam, then he must present Islam to his wife. If she becomes a Muslim, she will remain his wife and if she does not, the Qadi (Islamic judge) shall separate them. Similarly, if the wife becomes a Muslim first, she must present Islam to her husband. If the husband accepts Islam before three menstrual cycles, the marriage contract remains intact. Otherwise, after the passing of three menstrual cycles, a woman may marry whomsoever she wishes to marry. It is mentioned in al-Mukhtasar of al-Quduri:

**وَإِذَا أَسْلَمَتْ الْمَرْأَةُ وَزَوْجُهَا كَافِرٌ عَرَضَ عَلَيْهِ الْقَاضِي الْإِسْلَامَ فَإِنْ أَسْلَمَ فَهِيَ امْرَأَتُهُ وَإِنْ أَبَى فَرَّقَ بَيْنَهُمَاوَإِنْ أَسْلَمَ الزَّوْجُ وَتَحْتَهُ مَجُوسِيَّةٌ عَرَضَ عَلَيْهَا الْإِسْلَامَ فَإِنْ أَسْلَمَتْ فَهِيَ امْرَأَتُهُ وَإِنْ أَبَتْ فَرَّقَ الْقَاضِي بَيْنَهُمَا**

Translation: "If the wife becomes Muslim and her husband is a disbeliever, then Islam must be presented to him. If he accepts it, she will remain his wife. If he rejects it, then the Qadi must separate them. If the husband accepts Islam and the wife is a magian, then Islam must be presented to her. If she accepts it, she will remain his wife and if she does not, the Qadi must separate them." [Mukhtasar al-Quduri, pg. 589]

A similar ruling is mentioned in Bahar-e Shari'at: "If only the husband accepts Islam, then Islam must be presented to his wife. If she accepts it, then fine, else they must be separated. Similarly, if the wife becomes a Muslim first, then Islam must be presented to her husband. If he becomes a Muslim before the

occurrence of three menstrual cycles, their marriage contract will remain intact. Otherwise, after the completion of three menstrual cycles, she may wish to marry whomsoever she wishes to, nobody can dissuade her from doing so.” [Bahar-e Shari’at, vol. 2, part 7, pg. 32]

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**

**Translated by the SeekersPath Team**